26228 ـ طواف كي انتهاء پر تكبير كهنا

سوال

كيا طواف كے اختتام پر بهي حجر اسود كے سامنےتكبير كهي جائے گي جس طرح شروع ميں كهي تهي ؟

پسنديده جواب

الحمد للہ.

كعبہ كاطواف خالصتا ايك عبادت ہے ، اور عبادات ميں اصل يہ ہے كہ وہ توقيفي ہوتي ہيں يعني جس طرح ثابت ہوں ان كي بجاآوري اسي طرح ہوگي ، رسول كريم صلي اللہ عليہ وسلم سے ثابت ہے كہ طواف ميں جب بهي حجر اسود كے برابر آتے تكبير كہتے.

اور اس ميں كوئي شك وشبہ نہيں كہ طواف كرنے والا طواف ميں ساتويں چكر كےاختتام پر بهي حجراسود كے برابر آتا ہے لهذا اس كےليے جس طرح ہرچكر كےشروع ميں تكبير كہني مسنون ہے اسي طرح رسول كريم صلي اللہ عليہ وسلم كي اقتدا كرتے ہوئے اس ميں بهي تكبير كہني مسنون ہے اس كے ساتھ اگر حجر اسود كابوسہ لينا يا استلام كرنا ممكن ہو تو وہ بهي ہر چكر ميں كرے .

اللہ تعالي ہي توفيق بخشنے والا ہے، اللہ تعالي ہمارے نبي محمد صلي اللہ عليہ وسلم اور ان كي آل اور صحابہ كرام پر اپني رحمتيں نازل فرمائے .

واللہ اعلم.